# بلغاریہ کے وفد کی ملاقات

پروگرام کے مطابق ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مسجد کے مردانہ ہال میں تشریف لائے جہاں ملک بلغاریہ (BULGARIA) سے آنے والے وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت پائی۔ بلغاریہ سے امسال 56/افراد پر مشتمل وفد جلسہ سالانہ جرمنی میں شامل ہوا جن میں 31/ افراد غیر از جماعت مہمان تھے۔

ایک خاتون نے عرض کیا کہ میں پہلی دفعہ جلسہ میں شامل ہوئی ہوں اور جلسہ کے انتظامات سے بہت متاثر ہوئی ہوں۔ اپنے لئے اور سب عزیزوں کے لئے دعا کی درخواست کرتی ہوں۔

ایک خاتون نے عرض کیا کہ میں بہت خوش قسمت ہوں کہ جلسہ میں شامل ہوئی ہوں۔ میں نے ایسی کانفرنس پہلے کبھی نہیں دیکھی۔ میں ان دنوں کو اپنی زندگی کے بہترین دن سمجھتی ہوں اور میں ہر طرح سے آپ کی مدد اور خدمت کرنے کے لئے تیار ہوں۔

ایک مہمان خاتون نے عرض کیا کہ میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ یہاں ہمارا بہت اچھی طرح خیال رکھا گیا۔ ہر ایک نے ہمیں سہولت پہنچائی۔ ہمیں حضور انور سے ملنے کا موقعہ ملا۔ حضور انور کے خطابات بہت مؤثر تھے۔ حضور ہمارے لئے دعا کریں کہ ہم برائی سے نجات پائیں اور اپنے دلوں میں تبدیلی پیدا کریں۔

اس پر حضور انور نے فرمایا۔ آپ بھی دعا کریں۔ ہم سب بھی آپ کے لئے دعا کریں گے۔

ایک مہمان نے عرض کیا کہ میری حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے یہ دوسری ملاقات ہے۔ جلسہ سالانہ کا انتظام بہت اچھا تھا۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میرے کچھ سوالات تھے جن کے جوابات مجھے حضور انور کی طرف سے مل گئے ہیں اور میری تسلی ہوگئی ہے۔ میں بلغاریہ میں ہیومینٹی فرسٹ کا ممبر ہوں۔ ہم ہیومنٹی فرسٹ کے چیئرمین سے رابطہ کر رہے ہیں تا کہ بلغاریہ میں بھی مختلف پراجیکٹ شروع کئے جاسکیں۔

اس پر حضور انور نے فرمایا: ٹھیک ہے آپ رابطہ کریں۔ ہم کام کرتے رہیں گے۔

ایک دوست نے سوال کیا کہ بلغاریہ میں جماعت کی رجسٹریشن ہونے والی ہے۔ کیا رجسٹریشن کے بعد صرف احمدی ہی اس میں شامل ہوں گے یا دوسرے لوگ بھی شامل ہوسکتے ہیں؟

اس پر حضور انور نے فرمایا: اگر وہ احمدی نہیں ہیں اور ہم رجسٹریشن میں یہ ظاہر کریں کہ وہ احمدی ہیں تو پھر یہ غلط ہوگا، دھوکہ دینے والی بات ہے۔ اس لئے اگر تو مذہبی آرگنائزیشن کے طور پر جماعت رجسٹرڈ ہو رہی ہے پھر تو شامل نہیں ہوسکتے لیکن اگر کوئی چیریٹی آرگنائزیشن (Charity Organisation) کے طور پر رجسٹرڈ ہو رہی ہے تو پھر بعض شریف طبع لوگوں کو شامل کیا جاسکتا ہے۔